تعارفِ کتب

ایڈیٹر کے قلم سے

افسوس کہ پچھلے کئی ماہ سے بوجوہ تبصرہ کتب کا عنوان قائم نہ رہ سکا۔ اس وقت چونکہ کتابوں کا ایک بڑا ذخیرہ جمع ہوگیا ہے اور مفصل تنقید یا تبصرہ ممکن نہیں اس لئے محض اجمالی تعارف پر اکتفاء کیا جاتا ہے۔ کسی کتاب کے تمام مندرجات سے ایڈیٹر کا اتفاق ضروری نہیں۔

ش

بیس بڑے مسلمان | مرتبہ مولانا عبدالرشید ارشد ــــ ناشر مکتبۂ رشیدیہ ۱۸/۲۲ شاہ عالم مارکیٹ لاہور صفحات ۷۹۸ قیمت مجلد پچیس روپیہ کتابت طباعت کاغذ اعلیٰ اور دیدہ زیب۔

برّصغیر کے ایسے بیس جلیل القدر حضرات کی سوانح، علوم، افکار اور خدمات کا تذکرہ جن کی زندگی علم، عمل، جہاد و ستیز، تبلیغ و دعوت اصلاح و تصوّف تدریس و تصنیف ہر لحاظ سے مثالی تھی، اور جو اولٰئک الّذین ھدا ھم اللہ فبھدا ھم اقتدہ۔ کا نمونہ تھے اور اب بھی جن کی حیاتِ طیبہ کے مختلف ادوار بھٹکے ہوئے انسانوں کو شمعِ ہدایت کا کام دے سکیں۔ ہندوستان کا وہ قافلۂ دعوت و عزیمت جسے علماء دیوبند کے نام سے جانا پہچانا جاتا ہے اس قافلہ کے صفِ اوّل کے بزرگوں کے تذکار کا ایک حسین و جمیل مرقع ــ ہر بزرگ پر نہایت تحقیقی مقالہ ــ نمایاں اربابِ علم و فضل کے قلم سے۔ مرتب اور ناشر نے اسے جمع فرما کر پوری جماعت سے فرضِ کفایہ ادا کر دیا ہے۔ اور اس عظیم الشان کام پر وہ ہر طرح تحسین و تبریک کے مستحق ہیں ایسے کئی اکابر و ائمہ رشد و ہدایت باقی ہیں جن پر کئی اور جلدیں بھی جمع کی جاسکتی ہیں۔ پیشِ نظر کتاب میں جن حضرات کا ذکرِ جمیل ہے۔ حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ۔ مولانا محمد قاسم نانوتوی۔ مولانا رشید احمد گنگوہی، مولانا محمود الحسن دیوبندی، مولانا اشرف علی تھانوی، مولانا انور شاہ، مولانا عبید اللہ سندھی، مفتی کفایت اللہ دہلوی، مولانا سید حسین احمد مدنی، مولانا شبیر احمد عثمانی، مولانا محمد الیاس دہلوی، مولانا شاہ عبدالقادر رائے پوری، مولانا احمد علی لاہوری، مولانا مفتی محمد حسن امرتسری، مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا محمد علی جوہر، مولانا سید سلیمان ندوی، مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری، مولانا حفظ الرحمان سیوہاروی، سردار احمد خاں پتافی رحمہم اللہ وارضاھم۔ علمی و ملی خدمات میں شہرت کے لحاظ سے مؤخر الذکر بزرگ کا تذکرہ صفِ دوم کے بزرگوں کے ساتھ آنا چاہیے تھا۔ واللہ اعلم عنداللہ۔ــــ